نام کتاب: برصغیر پاک و ہند میں علم حدیث

مؤلف: عبدالرشید عراقی

صفحات: 111 قیمت: درج نہیں ہے۔

ناشر و ملنے کا پتہ: محدث روپڑی اکیڈمی' جامع القدس چوک دالگراں لاہور۔فون 042-7670968

ملک عبدالرشید عراقی کا شمار اب کثیر التصانیف مصنفین میں ہونے لگا ہے۔تھوڑے عرصے میں ان کی کئی تاریخی و معلوماتی کتب زیور طباعت سے آراستہ ہو چکی ہیں۔ حال ہی میں ان کی علمی زنبیل سے جو کتاب منصہ شہود پر آئی ہے' وہ ہے ''برصغیر پاک و ہند میں علم حدیث''

اس کتاب میں عراقی صاحب نے برصغیر پاک و ہند کے علمائے اہل حدیث کی حدیثی خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے (بقول عراقی صاحب کے) 436 کتابوں کا تذکرہ کیا ہے جو علمائے اہل حدیث نے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تائید و نصرت اور خدمات حدیث کے ضمن میں تصنیف کیں۔ کتاب آٹھ ابواب میں منقسم ہے۔ان ابواب میں برصغیر میں علم حدیث' میاں نذیر حسین اور ان کے تلامذہ کی خدمت حدیث' نواب صدیق حسن خاں کی خدمات حدیث اور دیگر علمائے اہل حدیث کی خدمات کو بیان کیا گیا ہے۔ بعض علماء کے مختصر حالات اور ان کے تلامذہ کی خدمات کو بھی لائق اعتنا ٹھہرایا گیا ہے۔ یہ کتاب علمائے اہل حدیث کی حدیثی خدمات پر معلومات کا انسائیکلوپیڈیا ہے۔

ماشاء اللہ عراقی صاحب نے اچھی محنت سے اسے مرتب کیا ہے۔کمپوزنگ میں بعض جگہ اغلاط بھی ہیں۔کاش اس کتاب کو شائع کرنے سے پہلے ناشر کسی اچھے پروف ریڈر سے اس کی پروف ریڈنگ کروا لیتے۔امید ہے آئندہ اس طرف توجہ دی جائے گی۔ بہر حال اس کے باوجود کتاب ظاہری و معنوی حسن سے آراستہ' خوبصورت طبع کی گئی ہے۔محدث روپڑی اکیڈمی کے روح رواں مولانا عبدالغفار روپڑی اور محترم مولانا عبدالوہاب روپڑی کی یہ مساعی قابل قدر ہے۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

دور ویرانے کو جب ہم آباد کریں گے — پھر یہ بستی کے لوگ ہمیں یاد کریں گے
یارب یہ التجا ہے کرم تو اگر کرے — وہ بات لب پہ آئے جو دل میں اثر کرے
کب تک کسی کے سوگ میں روئیں گے بیٹھ کر — ہم خود کو کئی بار یہ سمجھا کر رو پڑے

[redacted]

جن حضرات کا سالانہ زرتعاون ختم ہو چکا ہے وہ اولین فرصت میں سالانہ زرتعاون مبلغ -/150 روپے بھجوائیں۔بصورت دیگر ادارہ شمارہ بند کرنے کا مجاز ہے۔